05/03/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

اسمبلی

قانون ساز اسمبلی میں کل لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے خطبے سے متعلق شکریہ کی تحریک پر بحث شروع ہوئی۔ اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے ایل جی کے خطبے کو بحث کےلئے ایوان میں پیش کیا۔ بحث کےلئے تحریک مبارک گل نے پیش کی جبکہ غلام احمد میر نے اس کی تائید کی۔

آج اسمبلی کے تیسرے دن کی کاروائی جاری ہے ۔ اس دوران مختلف معاملات پر ارکان اسمبلی کے درمیان بحث بھی ہو رہی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ انکی حکومت سیاحت اور Pilgrimage کے تمام وسائل کو بروئے کار لاکر جموں کے اقتصادی منظر نامے کو فروغ دینے کی وعدہ بند ہے ۔

قانون ساز اسمبلی میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جموں کو ایک بڑے پلگر میج سیاحتی سرکٹ کے طور پر ترقی دینے کےلئے بنیادی ڈھانچے کو بڑھاوا دینے کے ساتھ ساتھ دیگر اختراعی کام ہا تھ میں لئے جا رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے JK سمادھان پورٹل کے تحت کئے گئے اندراجات کا جائزہ لیا ۔ پورٹل پر اندراجات کی اہمیت کو اجا گر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ سرکار کی ایک ایسی پہل ہے جس کی بدولت عوامی شکایات کی چارہ جوئی ایک صاف و شفاف اور آسان طریقے پر یقینی بنائی جا سکتی ہے ۔

انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ لوگوں میں یہ جانکاری عام کریں اور سمادھان پورٹل پر ان کے اندراج کو ترجیح دیں ۔

اننت ناگ

مقدس ماہِ رمضان کے پیش نظر محکمہ خوراک اور سول سپلائز کی غذائی سلامتی ونگ کی جانب سے قصبہ اننت ناگ ، کھنہ بل اور KP روڑ کے بازاروں کا تفصیلی معائینہ کیا گیا ۔ اس دوران معائینہ کرنے والے سکواڑ نے کئی مقامات پر زائد المعیاد اشیاءاور متعلقہ قوانین کی کچھ دیگر خلاف ورزیوں کا مشاہدہ کیا ۔

ٹیم نے قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں سے دس ہزار روپے کا نقد جرمانہ وصول کر کے دکاندار حضرات کو متنبہ کیا کہ وہ صارفین کے مفاد میں صفائی ستھرائی کے ساتھ معیاری اشیاءہی فروخت کریں ۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ میں ضلع میں ہالسٹک ایگریکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام پر پیش رفت کا جائزہ لیا ۔

ایک اور میٹنگ میں انہوں نے Kanzalwan ٹُلیل ترسیلی لائن کا بھی جائزہ لیا ۔ انہوں نے گریز کے اُن علاقوں تک برقی رو پہنچانے کی ہدایت دی جو ابھی بھی بجلی کی سپلائی سے محروم ہیں ۔

ڈپٹی کمشنر نے ضلع اور سب ڈویژنل سطحوں پر مشن یووا کے تحت قائم کئے گئے سمال بزنس کی ترقی کی اکائیوں اور بزنس ہیلپ Desks کا بھی جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ آیوشی سدن نے ضلع افسروں کی ایک میٹنگ میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔ یہ اقدام دائمی توانائی کے بھارت کے نظریے کے مطابق ہے ، جس کے تحت شمسی توانائی کے استعمال سے لوگوں کو مفت بجلی تک رسائی دلائی جا رہی ہے ۔

ڈپٹی کمشنر نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس سکیم کے دائرے میں زیادہ سے زیادہ مستحقین کو لانے کے لئے مشن موڑ پر کام کریں ۔

ڈپٹی کمشنر گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور کی صدارت میں بھی ایک ایسی ہی میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران انہوں نے ضلع میں پی ایم سوریہ گھر مفت بجلی یوجنا کی عمل آوری کا جائزہ لیا ۔

انہوں نے ضلع کے سبھی الیکٹریکل ڈویژنوں میں سولر روف ٹاپ نصب کئے جانے کے عمل کا تفصیلی جائزہ لیا ۔

ڈپٹی کمشنر کولگام

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کی صدارت میں ضلع سطح کی کو آر ڈینیشن کمیٹی کی میٹنگ منعقد ہوئی ، جس دوران ضلع میں نیشنل Tobacco کنٹرول پروگرام کے تحت Cigarettes اینڈTobacco Other پروڈکٹس ایکٹ پر عمل آوری کا جائزہ لیا گیا ۔

اس موقعہ پر چیف ایجوکیشن افسر کو یہ بات یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی کہ تعلیمی اداروں کے سو میٹر کے دائرے میں تمباکو اشیاءکی کوئی فروخت نہیں ہو نی چاہئے ۔

3R

جنگلات و ماحولیات کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو نے کہا ہے کہ بھارت کی سرکیولر اکنامی 2050 تک دو ٹرلئین ڈالر سے زیادہ کا مارکیٹ Value پیدا کر سکتا ہے ۔

وزیر موصوف بارہویں علاقائی 3Rسرکیولر اینڈ Economy فورم سے خطاب کر رہے تھے ۔ آج اس اجلاس کا تیسرا اور آخری دن ہے ۔

کھیلو انڈیا

مشہور سیاحتی مقام گلمرگ میں نو سے 12 مارچ تک منعقد ہونے والے کھیلو انڈیا 2025 کے دوسرے مرحلے کے لئے تیاریوں کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ۔ انتظامیہ نے تازہ برف باری کے بعد وِنٹر گیمز کے دوسرے مرحلے کے لئے ان تاریخوں کا اعلان کیا ہے ۔

سپورٹس کونسل کی سیکریٹری نزہت گُل نے کہا ہے کہ سرمائی کھیلوں میں شرکت کرنے والی ٹیموں کی آمد سات مارچ کو ہو گی ۔

کرکٹ

ICC مردوں کے کرکٹ میں چمپئنز ٹرافی کے دوسرے سیمی فائنل میں آج نیو زی لینڈ کا مقابلہ ساوتھ افریقہ سے ہوگا ۔

پہلے سیمی فائنل میں کل شام دبئی میں بھارت نے آسٹریلیا کو ایک دلچسپ مقابلے میں ہرا دیا ۔ فائنل اتوار کو کھیلا جائے گا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ